
# زندگی کی روٹی کا دسترخوان بنانے کے لئے ہدایات

**ہر بچے کے لئے مطلوبہ سامان:**



تصویر 1

کسی بھی رنگ کا تقریباً "8.5x"11 سائز کا کاغذ

مختلف رنگوں کی تقریباً "1 چوڑی کاغذ کی کٹی پٹیاں

ہاتھوں میں پکڑی ہوئی بائبل کی ایک بڑی تصویر کا تراشہ

قینچی

گوند / گلوسٹک


کریان رنگ یا مارکر

**ہدایات:**

1۔ کاغذ کو عین درمیان میں سے موڑ کر تہہ کرلیں اور اُس پر تقریباً ایک انچ چوڑی پٹیاں اس طرح کاٹیں کی کناروں سے ایک انچ جگہ نہ کاٹی جائے۔ اہم بات یہ ہے کہ آپ سارے کاغذ کو کونوں تک نہ کاٹ دیں بلکہ کنارے سے ایک انچ پہلے کاٹنا روک دیں۔ دیکھیں تصویر 1

2۔ تہہ کردہ کاغذ کو سیدھا کریں اور کاغذ کی الگ کاٹی ہوئی پٹیوں کو بڑے کاغذ کی ایک پٹی کے بعد ایک چھوڑتے ہوئے پرونا شروع کردیں۔ دیکھیں تصویر 2

3۔ بڑی بائبل کی تصویر کا تراشہ بنائیں اور دسترخوان کے درمیان میں چپکا دیں۔



تصویر 2

4۔ سیاہ کریان رنگ یا مارکر کی مدد سے لکھیں:


اوپر کی جانب......خدا کا کلام


نیچے کی جانب......میری زندگی کی روٹی


اپنے آئندہ کھانے کے وقت میں زندگی کی روٹی کا یہ دسترخوان استعمال کریں اور خدا کا شکر کریں اُس خوراک کے لئے جو اُس نے بخشی ہے۔ خاص طور سے اُس کے کلام کی روحانی خوراک یعنی بائبل مقدس کے لئے بھی خدا کا شکر کرنا یاد رکھیں۔



# صلیب والا ہار بنانے کی ہدایات







<u>ہر بچے کے لئے مطلوبہ سامان:</u>

صلیب کا ایک تراشہ

دل کا ایک تراشہ

تقریباً 28 انچ لمبی ڈوری

قینچی

گوند / گلوسٹک

کلاس میں مشترکہ طور پر استعمال کی جانے والا سامان:

1۔ انگلیوں کے نشانات لگانے کے لئے ایک عدد انک پیڈ

<u>ہدایات:</u>

1۔ صلیب کا تراشہ اس طرح کاٹیں کہ سر کی جانب لمبائی زیادہ رہے اور دل کا تراشہ بنالیں۔

2۔ صلیب کا اوپر والا حصہ موڑ کر پیچھے کی طرف گوند سے جوڑ دیں، تا اس میں سے ڈوری گزر سکے۔

3۔ صلیب کے عین بیچ میں دل چپکا دیں۔

4۔ انک پیڈ پر انگوٹھا لگا کر دل کے عین درمیان
میں انگوٹھے کے دو نشان لگا دیں۔

5۔ صلیب کے اوپری گول حصہ میں سے ڈوری گزار
کر دونوں سرے باندھ لیں اور ہار بنالیں۔

6۔ اب یہ الفاظ لکھیں "یسوع میرے لئے مر گیا۔"

<u>نظریہ:</u>

ہر شخص کی انگلیوں کے نشانات منفرد ہوتے ہیں۔

یسوع صلیب پر ہماری جگہ...... "ہماری خاطر" بطور عوضی مر گیا۔

وہ ہم سب کے لئے ایک ساتھ روحانی موت مر گیا۔

انگوٹھے کے نشانات اِس بات کو انتہائی شخصی بنا دیتے ہیں۔

یسوع میرے لئے مر گیا!

# صلیب کے نشان والا تصویری فریم بنانے کی ہدایات

## ہر بچے کے لئے مطلوبہ سامان:

صلیب کا ایک بڑا تراشہ (جسے بھورے رنگ کے کاغذ پر پرنٹ کیا گیا ہو)

دل کا ایک بڑا تراشہ (جسے تیز گلابی رنگ کے کاغذ پر پرنٹ کیا گیا ہو)

دل کا ایک چھوٹا تراشہ (جسے ہلکے گلابی رنگ کے کاغذ پر پرنٹ کیا گیا ہو)

بچے کی "3x"3 سائز کی تصویر

قینچی

گوند / گلو سٹک

کاغذ میں سوراخ کرنے والا آلہ (کلاس میں سب کیلئے ایک ہی کافی ہوگا)

## ہدایات:

1۔ تین تراشے کاٹ لیں......ایک صلیب، تیز گلابی رنگ کا بڑا دل اور ہلکے گلابی رنگ کا چھوٹا دل۔

2۔ بچے کی تصویر چھوٹے دل کے بیچ میں چپکا لیں، اور بڑے دل کو صلیب کے درمیان چپکا لیں۔

3۔ لٹکانے کے لئے صلیب کے سر کی جانب ایک سوراخ بنائیں۔




## نوٹ:

آپ بچوں سے اُن کی اپنی تصویر بھی منگوا سکتے ہیں یا ڈیجیٹل کیمرہ سے بچوں کی تصویر بنا کر "3x"3 سائز میں پرنٹ کر سکتے ہیں۔

# متلاشی دل والا چشمہ بنانے کی ہدایات

## ہر بچے کے لئے مطلوبہ سامان:

دل کی شکل کے تراشوں کا ایک سیٹ جسے گتے پر نقش کر کے کاٹا گیا ہو (دو دل ایک ساتھ بنے ہوں، دونوں اطراف کے لئے کمانیاں)




ایک عدد شفاف یا رنگین پنّی جس کا سائز "5.5x"3 ہو۔

قینچی

گوند / گلوسٹک

مارکر / کریان

## ہدایات:


1۔ چشمے کی شکل کاٹ لیں اور دو کمانیاں بنا لیں۔ دلوں کے اندر سوراخ کاٹنا بھی یقینی بنائیں۔

2۔ پنّی کو چشمے کے اندرونی جانب چپکا لیں، اور اضافی جگہ کاٹ کر الگ کر لیں۔

3۔ اس کے بعد کمانیاں بھی گوند سے چپکا لیں۔

4۔ چشمے کی اُوپری گولائی پر یہ الفاظ لکھیں ”میرا متلاشی دل“۔

چشمہ پہنتے ہوئے آیت دہراتے جائیں اور خود کو نعمان یا سیم ظاہر کریں جسے اپنے افسردہ اور بیمار دل کے لئے علاج کی تلاش تھی۔



اضافی پنّی کاٹ دیں۔

# ''میرا خدمتگار دل'' کارڈ بنانے کی ہدایات

## ہر بچے کے لئے مطلوبہ سامان:

3 یا 4 خدمتگار دل کے کارڈ (یا پھر بچے جتنے بھی دل بنانا چاہیں)

## ہدایات:

1۔ کارڈ کے تراشے بنائیں۔

2۔ ہر بچے سے کہیں کہ کارڈ کی نچلی جانب اپنے دستخط کرے۔

## کارڈ کا استعمال:


آپ یہ کارڈ اپنے والدین اور دوستوں کو دیں۔ وہ اس پر کوئی ایسا کام لکھیں گے جس میں آپ اُن کی خدمت کر سکیں۔ کارڈ کے نیچے کیے جانے والے دستخط آپ کی طرف سے یہ وعدہ ہے کہ آپ اپنی بات پر قائم رہیں گے اور خادم بنیں گے۔

☆ یہ بات منطقی ہے کہ کارڈ موصول کرنے والے شخص کو ایسا کوئی کام نہیں لکھنا چاہیے جو غلط ہو یا نا مناسب ہو، مثلاً سکول کے امتحانات کے جوابات پوچھنا (نقل کرنا) یا کوئی بھی ایسی بات جو نافرمانی کی ہو۔



# بیمار دل بنانے کی ہدایات

## ہر بچے کے لئے مطلوبہ سامان:



سبز رنگ کا ایک "مرجھایا ہوا" دل کا تراشہ

ہاتھوں کے دو تراشے

دو پاؤں کے تراشے

پانچ عدد ربڑ بینڈ

سیاہ کاغذ کی 4 پٹیاں (دو چھوٹی "6"x1/2 اور دو بڑی "12"x1/2)

چھوٹے زخموں پر چپکانے والی ایک پٹی

کریان (سب مل کر استعمال کر سکتے ہیں)

قینچی (سب مل کر استعمال کر سکتے ہیں)

گوند / گلو سٹک (سب مل کر استعمال کر سکتے ہیں)

## ہدایات:

1۔ دل، ہاتھ اور پاؤں کے تراشے بنا لیں

2۔ چاروں سیاہ پٹیوں کو لہردار انداز میں موڑ لیں

3۔ ہاتھ اور پاؤں کے تراشوں کو سیاہ پٹیوں کے ایک کنارے پر چپکا لیں، چھوٹی پٹیاں ہاتھوں کے ساتھ اور بڑی پٹیاں پاؤں کے ساتھ۔

4۔ بازوؤں اور ٹانگوں کے تراشوں کو دل کے دونوں جانب اور اُوپر کی جانب چپکا لیں۔


5۔ دل کے اوپر کی طرف عین بیچ میں ایک عدد سوراخ بنائیں۔

6۔ ایک ربڑ بینڈ سے اس سوراخ میں پھندا لگا لیں۔ اس کے بعد باقی ربڑ بینڈ گزارتے ہوئے اِسے لچکدار زنجیر کی طرح بنا لیں۔

7۔ اس کے بعد دل پر مزید بیمار یا مرجھائے ہوئے رنگ کریں اور اس کے ساتھ ساتھ آنکھوں اور منہ پر بھی رنگ کریں۔ پھر زخموں والی پٹی لگا دیں۔

8۔ اپنے دل کی پشت پر یہ الفاظ لکھیں:

"کیونکہ سب نے گناہ کیا اور خدا کے جلال سے محروم ہیں" (رومیوں 3:23)



ربڑ بینڈ سے پھندا



لہردار تہہ